**WEST BENGAL URDU ACADEMY**
MINORITY AFFAIRS & MADRASAH EDUCATION DEPARTMENT
GOVERNMENT OF WEST BENGAL

**مغربی بنگال اردو اکاڈمی**
محکمہ اقلیتی امور و مدرسہ تعلیم، حکومت مغربی بنگال

75/2A, Rafi Ahmed Kidwai Road, Kolkata - 700 016 Email: wburduacademy@gmail.com


میمونمبر: WBUA/L-1/2025/3744 تاریخ 09.06.2025

## جونیئر اور سینئر ریسرچ فیلو کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں

مغربی بنگال اردو اکاڈمی سال ۲۰۲۵ء۔۲۰۲۷ء کے لئے جونیئر اور سینئر ریسرچ فیلو کا اعلان کرتی ہے۔
خواہش مند ریسرچ اسکالرز درج ذیل شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے درخواستیں ۱۰ر جولائی ۲۰۲۵ء تک اکاڈمی کے دفتر میں جمع کر سکتے ہیں۔

## جونیر ریسرچ فیلو

**اہلیت:** ۱) درخواست کنندہ کا پوسٹ گریجویٹ ہونا لازمی ہے۔ (کم از کم ۵۰ فیصد مارکس کے ساتھ)

۲) عمر ۲۵ر سال سے ۴۰ر کے درمیان ہو

۳) اردو زبان میں تین تحقیقی/تنقیدی مقالے موقر جرائد میں شامل اشاعت ہوں۔

☆ درج ذیل عنوانات پر مغربی بنگال اردو اکاڈمی ریسرچ کروائے گی۔

i) مغربی بنگال کے اردو رسائل ii) مغربی بنگال کے نمائندہ فلاحی ادارے

درخواست کنندگان اکاڈمی کے دفتر سے درخواست فارم حاصل کریں یا اکاڈمی کے ویب سائٹ www.wbua.org سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

نوٹ: مذکورہ عنوانات کے علاوہ اگر ریسرچ اسکالر کسی دوسرے موضوع پر کام کرنا چاہتا ہو تو وہ اپنا موضوع انتخاب کر سکتا ہے لیکن اس سلسلے میں اکاڈمی کا اتفاق ضروری ہے۔

## سینئر ریسرچ فیلو

**اہلیت:** ۱) درخواست کنندہ کا پوسٹ گریجویٹ ہونا لازمی ہے۔ (کم از کم ۵۰ فیصد مارکس کے ساتھ)

۲) عمر ۳۵ر سال سے ۵۰ر کے درمیان ہو۔

۳) کسی بھی تحقیقی موضوع پر کم از کم اردو زبان میں ایک تصنیف طباعت کے مرحلے سے گزر چکی ہو نیز ۵ر تحقیقی مقالے موقر جرائد میں شامل اشاعت ہوں۔

☆ درج ذیل عنوانات پر مغربی بنگال اردو اکاڈمی ریسرچ کروائے گی۔

i) بنگال کے اردو افسانوں میں نسائی کردار ii) شمالی بنگال کی علمی و ادبی سرگرمیاں

درخواست کنندگان اکاڈمی کے دفتر سے درخواست فارم حاصل کریں یا اکاڈمی کے ویب سائٹ www.wbua.org سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

نوٹ: مذکورہ عنوانات کے علاوہ اگر ریسرچ اسکالر کسی دوسرے موضوع پر کام کرنا چاہتا ہو تو وہ اپنا موضوع انتخاب کر سکتا ہے لیکن اس سلسلے میں اکاڈمی کا اتفاق ضروری ہے۔

**نزہت زینب**، ڈبلیو۔بی۔سی۔ایس (ایکزیکیوٹو)
سکریٹری
مغربی بنگال اردو اکاڈمی